حیسکو پریس ریلیز مورخہ :12.11.2021

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ آپریشن سرکل حیدرآباد کی ٹنڈوالہیار ڈویژن میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 1350 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، مجموعی طور پر اب تک 45 کروڑ 85 لاکھ 19 ہزار روپے کی وصولی کی گئی ہے۔ بجلی چوروں کے 940 کنکشن منقطع کردیئے۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آپریشن سرکل حیدرآباد سپرنٹینڈنگ انجنیئر نثاراحمد میمن کی سربراہی میں ایگزیکٹو انجنیئر ٹنڈوالہیار ڈویژن منظور علی مگسی نے اپنی ٹیموں کے ہمراہ کی سب ڈویژنوں ٹنڈوالہیار-I اور-II، ٹنڈوجام اور چمبڑ میں کارروائیاں کے دوران نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 1350 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، جن پر 25 کروڑ 60 لاکھ سے زائد کے واجبات تھے، بجلی کے بلوں کے واجبات کی مد میں 45 کروڑ 85 لاکھ 19 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے اور بجلی چوروں کے 940 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سب ڈویژن ٹنڈوالہیار-I کے SDO نثاراحمد چانڈیو نے تکنیکی عملے کے ساتھ ٹنڈوالہیار علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 348 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے ہیں، اور نادہندگان سے 11 کروڑ 90 لاکھ 35 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے 245 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، ٹنڈوالہیار-II سب ڈویژن میں SDO شہزاعلی بھرٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائیوں میں ناہندگان کے 390 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور نادہندگان سے 10 کروڑ 70 لاکھ 34 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے 335 کنڈے ہٹائے گئے ہیں، آپریشن سب ڈویژن ٹنڈوجام کے SDO امتیاز علی میمن نے بالا افسران کی ہدایات پر اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائیوں میں ناہندگان کے 416 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور نادہندگان سے 12 کروڑ 88 لاکھ 70 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے 395 کنڈے کاٹے ہیں، اور چمبڑ میں SDO اشوک کمار نے کارروائی کرتے ہوئے ناہندگان کے 196 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور نادہندگان سے 10 کروڑ 35 لاکھ 80 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے 185 کنڈے ہٹائے گئے ہیں۔ بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائستہ زبان ہے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو









حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں